# اپنی ویب سائٹ خود بنائیں

## Full Course in Urdu

Google

Blogger

Blogger

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# بلاگ اسپاٹ اور اردو

بلاگ اسپاٹ سانچہ کو اردو کے مطابق ڈھالنا۔

از: جہانزیب اشرف

اردو جہاں والے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

سب اردو سے محبت کرنے والوں کے نام

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# دیباچہ۔

اس کتابچہ کا مقصد بلاگ اسپاٹ میں آسانی کے ساتھ کس طرح اردو بلاگ ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ یہ کتابچہ مفت دستیاب ہے اور اس میں ہر قسم کی تبدیلی کی اجازت ہے۔ اگر کوئی صاحب یا صاحبہ اس میں تبدیلی کر کے اسے مزید بہتر بنانا چاہتے ہیں تو کسی قسم کے کاپی رائٹ یا کاپی لیفٹ جیسی عنوانات سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

امید ہے کہ اس سے کافی لوگوں کو اردو میں بلاگنگ یا اردو میں اپنی ویب سائٹ بنانے کی تحریک ملے گی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# تعارف۔

یوں تو اس وقت انٹرنیٹ کی دنیا میں بہت سی ویب سائٹ موجود ہیں جہاں پر مفت بلاگ بنانے کی سہولت موجود ہے، لیکن ان میں سے سب سے مشہور دو ویب سائٹ ہیں۔ ورڈپریس اور بلاگر۔

اردو بلاگ ترتیب دینے کے لئے ہمیں کسی بھی ایسی مفت سروس کی طرف سے مہیا کردہ سانچوں میں کچھ بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت پیش آتی ہے، ان تبدیلیوں کے بعد ہی بلاگ یا ویب سائٹ پر اردو میں عبارت درست طریقہ سے دکھائی جا سکتی ہے۔ ورڈپریس پر یہ سہولت مفت میں دستیاب نہیں، گو کہ اپنی تحریر کو ہم پھر بھی اردو میں دکھا سکتے ہیں، لیکن اس تحریر پر ہونے والے تبصرے، بلاگ پر موجود تحاریر کے روابط، ان پر کسی قسم کا کوئی اختیار نہیں ہوتا۔

ورڈپریس بلاشبہ ایک طاقتور بلاگنگ سافٹ ویئر ہے، اسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اور اس میں اردو کی سپورٹ موجود نہ ہونے کے باعث کچھ متوالوں نے اپنی سطح پر ورڈپریس کو استعمال کرتے ہوئے اردو اسپورٹ کے ساتھ خاص طور پر اردو میں سہولیات بہم پہنچائی۔ سب سے پہلے اس سلسلے میں اردو ہوم نام کی ویب سائٹ پر مفت بلاگ بنانے کی سہولت دی گئی، اس کے بعد اردو بلاگنگ نامی ویب سائٹ پر بھی مفت اردو بلاگ کی سہولت دی گئی۔ وقت کے ساتھ یہ دونوں ویب سائٹ اپنے انجام کو پہنچ گئی۔

پھر از سر نو اردو ٹیک پر یہ سہولت مہیا کی گئی، اردو ٹیک کے علاوہ ورڈپریس ڈاٹ پی کے پر بھی اردو میں مفت بلاگنگ کی سہولت موجود ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ دونوں ویب سائٹ بھی ورڈپریس کا کثیر رکنیتی سافٹ ویئر استعمال کر رہی ہیں۔ ورڈپریس کے کثیر رکنیتی سافٹ ویئر میں بھی عام رکن کو سانچہ میں تبدیلیاں کرنے کی اجازت نہیں ہوتی، لیکن مذکورہ دونوں ویب سائٹ پر پہلے سے بنے بنائے اردو میں ڈھالے گئے درجنوں سانچے پہلے سے ہی موجود ہیں، جنہیں استعمال کر کے پانچ منٹ میں اپنا اردو بلاگ بنایا جا سکتا ہے۔

لیکن یہ سب کوششیں انفرادی سطح پر ہیں، ان ویب سائٹس کے چلانے والوں کی کچھ معاشی، سماجی مجبوریاں ہیں، علاوہ ازیں ویب سائٹ ہوسٹنگ کمپنیاں ورڈپریس کثیر رکنیتی سافٹ ویئر کو ہوسٹ کرنے میں ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ اس لئے کسی قسم کا مسلہ ہونے کی صورت میں ایک لمبا انتظار جو کہ اس وقت اردو ٹیک بلاگرز کو درپیش ہے، مقدر بن جاتا ہے۔

اس مسلے سے بچنے کے لئے بہت سے بلاگرز نے مفت ہوسٹ پر بھی اپنے بلاگ بنائے ہوئے ہیں۔ لیکن مفت

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

سرور پر بھی کسی وقت بھی بغیر کسی پیشگی اطلاع کے آپ کا بلاگ ختم کیا جا سکتا ہے،ایسی صورت حال سے شاکر عزیز کا واسطہ پڑ چکا ہے، جو دوست کے نام سے اردو میں اپنا بلاگ لکھتے ہیں۔

ان سب مسائل سے نپٹنے کا جو حل ہے وہ یہی نظر آتا ہے کہ اردو میں بلاگ بنانے کے لئے اپنی ہوسٹنگ لی جائے، جو کہ ظاہر ہے کہ ہر شخص نہیں کر سکتا۔ دوسری صورت ہے کہ کسی قابل اعتماد مفت سروس کا استعمال کیا جائے، جس کے ایک دم غائب ہونے کا امکان نہیں ہو،اور وہاں ہم سانچہ کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھال بھی سکیں۔

اسی سلسلے میں سب سے اعتماد والا نام بلاگر یا عرف عام میں بلاگ اسپاٹ کا ہے، جو کہ گوگل کی طرف سے تقویت شدہ ہے۔

بلاگر پر بلاگ بنانے کے اور بہت سے فوائد میں سرچ انجن میں آپ کے بلاگ کو ترجیع حاصل ہوتی ہے،اور سانچہ پر آپ کا مکمل اختیار ہے، جس کو استعمال کرتے ہوئے آپ اردو میں اپنا بلاگ ترتیب دے سکتے ہیں۔ اب باقی مضمون میں ہم بلاگر پر اردو بلاگ بناتے وقت جو تبدیلیاں درکار ہیں ان کا جائزہ لیں گے۔


For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# آغاز۔

سب سے پہلا مرحلہ بلاگر پر اپنا بلاگ بنانا ہے۔اس کے لئے آپ یہاں پر جائیں گے تو مندرجہ ذیل دریچہ آپ کے سامنے ہوگا۔




اب اس جگہ ہمارے پاس دو ترجیحات ہیں، پہلی کہ اگر آپ گوگل کی کوئی بھی سروس جیسے جی میل، آرکٹ، ایڈ سینس وغیرہ استعمال کر رہے ہیں تو پہلے سامنے والے دریچہ میں اپنا اکاونٹ اور پاسورڈ لکھ کر سائن ان کر لیں۔





دوسری صورت میں جبکہ آپ کے پاس گوگل کا اکاؤنٹ موجود نہ ہونے کی صورت میں آپ اس بٹن پر کلک کریں گے، جو کہ آپ کو ایک نئے صحفہ پر لے جائے گا۔اس نئے صحفہ پر آپ باقی مراحل طے کریں گے۔ جنہیں ہم فرداً فرداً بیان کریں گے۔




For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

جب آپ اوپر والے بٹن پر کلک کریں گے تو اگلا مندرجہ ذیل دریچہ ہمارے سامنے موجود ہوگا۔





یہاں پر آپ اپنی معلومات فراہم کرنے کے بعد نیچے دیئے گئے بٹن پر کلک کر کے اگلے مرحلہ میں داخل ہوجائیں گے۔جو کہ مندرجہ ذیل دریچہ میں ظاہر کیا گیا ہے۔اس مرحلہ میں آپ اپنے بلاگ کا نام لکھیں گے،اوراس کے نیچے اپنابلاگ کا پتہ لکھیں گے۔نیچے دی گئی دومزید ترجیحات اگر آپ اپنابلاگ خود ہوسٹ کرناچاہتے ہیں یا اگر آپ کا بلاگر پر پہلے سے کوئی بلاگ موجود ہے تب ہی استعمال ہوں گی۔یہ سب معلومات لکھنے کے بعد اگلے مرحلہ میں جانے کے لئے ایک بار پھر نیچے لگے بٹن کو دبائیں گے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com





اس مرحلہ میں ہم اپنے بلاگ کا سانچہ منتخب کریں گے، دیئے گئے سانچوں میں سے اپنی پسند کا سانچہ منتخب کر کے اگلے مرحلہ میں پہنچ جائیں۔





For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

اوپر والا مرحلہ مکمل کرنے کے بعد جب آپ اگلے مرحلہ میں جانے کے لئے کلک کریں گے تو آپ کو مبارکباد کا پیغام ملے گا۔




اب یہاں پر آپ کو بلاگنگ شروع کرنے کا مفت مشورہ بھی دیا گیا ہوگا۔ وہاں کلک کرنے سے ہمارے پاس اب یہ والا دریچہ کھلے گا۔




یہاں پر اپنی زندگی کی پہلی بلاگ کی تحریر لکھ سکتے ہیں، جو لکھتے ہی ویب پر آپ کے نام کا جھنڈا گاڑ دے گی۔ لیکن اردو بلاگ بنانے کا اصل مرحلہ اب شروع ہوا ہے، جہاں ہمیں سانچہ میں تبدیلیاں کرنا ہوں گی تاکہ دنیا اردو میں لکھا ہوا پڑھ سکے۔ اور آپ اپنے خیالات سے دوسروں کو مستفید کر سکیں۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سانچہ میں تبدیلیاں۔

بلاگ بنانے کا مرحلہ تو طے ہو گیا، اب ہم نے اپنا بلاگ اردو میں بنانا ہے تو اس کے لئے ہمیں سانچہ میں کچھ تبدیلیاں کرنا ہوں گی۔ جیسا کہ اردو میں اگر کسی نے ویب سائٹ بنائی ہو تو معلوم ہو گا کہ بنیادی طور پر یہ تین قسم کی تبدیلیاں ہیں، جو کہ ہمیں کرنا ہوتی ہیں۔

1. صحفہ کی اینکوڈنگ کو یونیکوڈ معیار کے مطابق بدلنا۔
2. صحفہ کی سمت کو دائیں طرف کرنا۔
3. صحفہ میں اردو خطوط شامل کرنا۔

اوپر بیان کردہ تینوں تبدیلیوں کے علاوہ دو اضافی تبدیلیوں کی بھی ضرورت ہمیں اردو سائٹ میں پیش آتی ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

- صحفہ کو انگریزی عبارت دکھانے کے قابل بنانا

بعض اوقات اردو عبارت میں کبھی کبھی انگریزی کا کوئی لفظ شامل کرنا پڑ جاتا ہے، اس کے لئے ہمیں صحفہ میں یہ تبدیلی کرنا ہو گی، نہیں تو جہاں انگریزی کا لفظ شامل کیا جائے گا، وہاں سے جملہ ٹوٹ جائے گا۔

- سطروں کے درمیانی فاصلے کا تعین کرنا۔

زیادہ تر سانچے چونکہ انگریزی میں بنے ہوتے ہیں، اس لئے ان میں زیادہ تر امکان یہی ہے کہ سطروں کا درمیانی فاصلہ متعین نہیں کیا ہوتا، لیکن اردو صحفہ بناتے وقت ہمیں یہ لازمی کرنا ہوتا ہے۔ اگر یہ تبدیلی نہیں کی جائے تو بعض براؤزر میں دو سطروں کے درمیان فاصلہ انتہائی نامناسب حد تک بڑھ جاتا ہے۔

یہ اوپر بیان کردہ تبدیلیاں کسی بھی اردو صحفہ کو بناتے وقت ملحوظ خاطر رکھنا ہوتی ہیں۔ لیکن ایک تبدیلی ہم بلاگر کے ساتھ مخصوص ہے، وہ ہے تبصرہ کا خانہ۔ بلاگر میں تبصرہ کرنے کے لئے صرف ایک ربط دیا گیا ہوتا ہے جس پر کلک کرنے سے وہ ایک بالکل ہی الگ صحفہ پر آپ کو لے جاتا ہے، لیکن عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ اگر یہی خانہ تحریر والے صحفہ پر موجود ہو تو اس بات کے امکانات زیادہ ہیں کہ لوگ آپ کی تحاریر پر تبصرہ کریں گے۔ ہم اس تبصرہ والے خانہ کو بھی تحریر والے صحفہ پر لے کر آئیں گے۔

دوسری بات جو بلاگر کے سانچہ کے ساتھ مخصوص ہے، وہ ہے اس میں موجود انگریزی اصطلاحات، جیسے تبصرہ


For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

کرنے کے لئے لکھا ہو گا، post you comments,بلاگ کے زمرہ جات کے لئے Categories
لکھا ہو گا۔ان سب کا اردو میں ترجمہ کرنا ہو گا۔اور اسے سانچہ میں خود تلاش کر کے آپ کو ایسا کرنا پڑے گا۔
تو میرا خیال ہے سب کچھ بیان کیا جا چکا ہے،اب ہم عملی طور پر یہ کرنا شروع کرتے ہیں۔


For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# میرا سانچہ کہاں ہے؟

اب اگر آپ ابھی تک اسی پوسٹ والے صفحہ پر موجود ہیں، تو اس تصویر میں Layout پر کلک کریں گے، لیکن





اگر آپ نے یہ تحریر پڑھتے وقت بلاگ والا صفحہ بند کر دیا تھا، تو دوبارہ سے بلاگر پر جا کر سائن اِن کرنے سے آپ اپنے بلاگ کے ڈیش بورڈ پر پہنچ جائیں گے، جو کہ کچھ اس طرح کا نظر آنا چاہیے۔




یہاں پر آپ دیکھیں گے، آپ کافی کام انجام دے سکتے ہیں، جیسے اپنی پروفائل کی معلومات لکھ سکتے ہیں، اپنی تصویر کا اضافہ کر سکتے ہیں، تحاریر کو مدون کر سکتے ہیں، نئی تحاریر لکھ سکتے ہیں، بلاگ کی سیٹنگ بدل سکتے ہیں اور ہمارے مطلب کا کہ سانچہ بھی بدل سکتے ہیں۔ یہاں پر بھی آپ Layout پر کلک کریں گے تو ایک نیا صفحہ ہمارے پاس کھل جائے گا۔ اس نئے صفحہ پر ایک انٹرایکٹو قسم کا ایک سانچہ موجود ہوگا، جہاں آپ کسی جگہ ماؤس کا بٹن دبا کر انہیں آگے پیچھے کر سکتے ہیں، اور ایک ہی کلک سے بہت سی چیزیں بلاگ کے سانچہ میں بغیر کوئی ایچ ٹی ایم ایل یا سی ایس ایس جانے بغیر ڈال سکتے ہیں۔ جیسے کہ گوگل ایڈ سینس، بلاگ وزیٹر کاؤنٹر اور دیگر لاتعداد ویجیٹ کا اضافہ اسی جگہ سے کیا جا سکتا ہے۔

یہ بلاگر کا نیا ورژن ہے، اور اس میں لے آؤٹ کے لئے ایکس ایم ایل کا استعمال کیا گیا ہے، ایکس ایم ایل اور پی ایچ پی کے ملاپ سے ڈیٹا کو بلاگ پر دکھایا جاتا ہے، لیکن آپ پریشان نہیں ہوں آپ کو ان میں سے سیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، میں ہوں نہ۔ اب آپ اس صفحہ میں جو کہ نیچے دکھایا گیا ہے میں پہنچ گئے ہیں، لیکن ابھی بھی آپ کو سمجھ نہیں آ رہی کہ فانٹ اور باقی سب تبدیلیاں کہاں کرنا ہے؟ تو چلیں ایک بار پھر ٹرین پکڑ لیتے ہیں۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com





اس اوپر والے صحفہ کی دوسری سطر میں ہمیں ایک اور Menu نظر آرہا ہے۔ جو کہ یوں ہے۔




یہاں پر ہمیں Edit HTML نظر آرہا ہے، اس پر کلک کرنے سے آپ کے سامنے آپکے سانچہ کا سارا کوڈ موجود ہوگا۔ لیکن اب یہاں سے ہم اپنا کام لوکل سرور پر کرنا شروع کرتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی اچھا ایڈیٹر موجود ہے تو اب اس کا استعمال کریں گے، نہیں ہے تو بلیو فش نامی ایڈیٹر کو ڈاؤنلوڈ کر لیں، مجھے یہ بہت پسند ہے اور مفت بھی ہے۔ اس پر آپ اپنی ویب کے متعلق تمام کام بخوبی انجام دے سکتے ہیں۔

اب اس نئے صحفہ پر آغاز میں ہی آپ کو یہ سطر نظر آئے گی۔




یہاں پر Download Full Template پر کلک کرکے اسے اپنے کمپیوٹر پر محفوظ کر لیں۔ ایسا کرنے سے آپ کے پاس ایک فائل template-xxxxxxxx.xml نام کی کمپیوٹر پر محفوظ ہو جائے گی۔ اب اگلے مراحل اس فائل پر طے کریں گے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سانچہ میں تبدیلیاں۔

ہم نے جو فائل ابھی ڈاؤنلوڈ کی ہے، اسے اپنے ایڈیٹر میں کھولیں گے اور ترتیب سے اس میں سب تبدیلیاں کرتے جائیں گے، جو کہ زیادہ نہیں ہے صرف پانچ منٹ کا کام ہے۔
جب آپ یہ فائل کھولیں گے تو سب سے اوپر والی سطر کچھ یوں ہو گی۔

```
<? "xml version="1.0" encoding="UTF-8?>
```

اب زیادہ تر سانچوں میں اینکوڈنگ پہلے سے ہی یونیکوڈ معیار کے مطابق ہوتی ہے، لیکن اگر جو سانچہ آپ استعمال کر رہے ہیں اس میں یہ سطر ایسے نہیں ہو، تو اسے آپ بالکل اوپر والی سطر جیسا بنا لیں۔ یاد رکھیں کہ اردو عبارت دکھانے کے لئے صحفہ کی اینکوڈنگ لازمی UTF-8 ہونا چاہیے۔

دوسرے مرحلہ میں ہم بلاگ میں اردو خطوط کا اضافہ کریں گے، اب اسی ایڈیٹر میں کھلے سانچہ کو دیکھیں، تو بہت سے Variable definitions نظر آئیں گی۔ ان میں سے ہمیں اپنی مطلوبہ سطریں دریافت کرنا ہیں، آپ اپنے ایڈیٹر میں font لکھ کر تلاش کریں گے تو یہ آسانی کے ساتھ مل جائیں گی۔ میرے سانچہ کی صورت میں یہ سطریں ہیں جہاں فانٹ کا استعمال ہو رہا ہے۔ تحاریر کے فانٹ کے لئے مندرجہ ذیل کوڈ۔

```
<Variable name="bodyfont" description="Text Font"
type="font" default="normal normal 100% Georgia, Serif"
value="normal normal 100% Georgia, Serif">
```

بلاگ کے ہیڈر اور سائیڈ بار کے عنوانات میں استعمال ہونے کے لئے مندرجہ ذیل کوڈ۔

```
<Variable name="headerfont" description="Sidebar Title
Font"  type="font" default="normal normal 78% 'Trebuchet
MS',Trebuchet,Arial,Verdana,Sans-serif" value="normal
normal 78% 'Trebuchet MS',Trebuchet,Arial,Verdana,Sans-
serif">
```

تحاریر کے عنوانات میں استعمال کے لئے درج ذیل کوڈ۔

```
<Variable name="pagetitlefont" description="Blog Title Font"
 type="font" default="normal normal 200% Georgia, Serif"
value="normal normal 200% Georgia, Serif">
```

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

ہیڈر میں بلاگ کی معلومات کے لئے مندرجہ ذیل فانٹ۔

```
<Variable name="descriptionfont" description="Blog
Description Font"  type="font" default="normal normal 78%
'Trebuchet MS', Trebuchet, Arial, Verdana, Sans-serif"
value="normal normal 78% 'Trebuchet MS', Trebuchet, Arial,
Verdana, Sans-serif">
```

اور تحریر کے نیچے لکھا جانے کے لئے مندرجہ ذیل فانٹ کا استعمال ہو رہا ہے۔

```
<Variable name="postfooterfont" description="Post Footer
Font" type="font" default="normal normal 78% 'Trebuchet
MS', Trebuchet, Arial, Verdana, Sans-serif" value="normal
normal 78% 'Trebuchet MS', Trebuchet, Arial, Verdana, Sans-
serif">
```

اب ان سب جگہ پر ہمیں Value کے سامنے سے لاطینی خطوط کو ہٹا کر اردو خطوط میں تبدیل کرنا ہے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ جب آپ کوئی ویب سائٹ بناتے ہیں تو ویب سائٹ پر آنے والوں کی خاطر مدارت لازمی ہوتی ہے اس لئے جب آپ فانٹ استعمال کریں تو ہمیشہ ایک سے زیادہ فانٹ کا استعمال کریں، ہو سکتا ہے کہ آپ صرف ایک ہی فانٹ استعمال کر رہے ہوں وہ ویب سائٹ پر آنے والے کے کمپیوٹر میں موجود نہیں ہو۔ اس وقت کافی اردو یونیکوڈ فانٹ ویب پر استعمال میں ہیں آپ کم از کم ان چار خطوط کا استعمال ضرور کریں۔ اب اوپر کے کوڈ میں ڈیفالٹ اور ویلیو کے سامنے جہاں جہاں فانٹ کے نام لکھے ہیں، اسے مندرجہ ذیل فانٹ سے بدل دیں۔

```
“Jameel Noori Nastaleeq”,”Alvi Nastaleeq”,Nafees Web
Naskh,”Urdu naskh asiatype,Tahoma
```

ایسا کرنے سے ہمارے بلاگ کا خط مکمل طور پر اردو دکھانے کے قابل ہو جائے گا۔ لیکن ابھی فی الحال عبارت بائیں سے شروع ہو کر داہنی طرف ختم ہو رہی ہے، ہمیں اس کا رخ بھی بدلنا ہے۔ انہیں Variables کے نیچے دیکھیں تو ہمیں دو Variables نظر آئیں گے، جن کا نام startside اور endside ہے۔ یہاں ہمیں سٹارٹ سائیڈ کو right اور endside کو left میں بدل دینا ہے، جو کہ کچھ یوں بن جائے گا۔

```
<Variable name="startSide" description="Side where text
starts in blog language" type="automatic" default="right"
value="right">
```

اسی طرز پر endSide کو بدل کر آپ right کی بجائے left کر دیں گے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

```
<Variable name="endSide" description="Side where text ends
in blog language"  type="automatic" default="left"
value="left">
```

یہ تبدیلیاں کرنے کے بعد ہمارا صفحہ عبارت کو اردو خطوط میں دکھا رہا ہے، تحریر دائیں سے بائیں شروع ہو رہی ہے،اب سطروں کے درمیانی فاصلہ کا تعین کرتے ہیں۔ان Variable Definitions کے نیچے جانے سے ہمیں مندرجہ ذیل کوڈ نظر آئے گا۔

```
body {
  background:$bgcolor;
  margin:0;
  color:$textcolor;
  font:x-small Georgia Serif;
  font-size/* */:/**/small;
  font-size: /**/small;
  text-align: center;
  }
```

آپ کے سانچہ کے لحاظ سے یہ کچھ مختلف بھی ہو سکتا ہے، لیکن body کے سامنے والا جو بھی کوڈ ہی وہاں ہمیں اس سطر کا اضافہ کرنا ہے۔


```
line-height: 1.5em;
```

میں اب آپ کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اب آپ کا بلاگ اردو کے مطابق بن چکا ہے، صرف اب ہمیں سانچہ میں موجود انگریزی کا ترجمہ کرنا باقی رہ گیا ہے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

# بلاگ میں انگریزی کو اردو میں بدلنا۔

اس کے لئے آسان طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنا بلاگ کھولیں اور اس میں دیکھیں کہ کیا کچھ انگریزی میں موجود ہے۔ مثلاً میرا بلاگ فی الوقت ایسا ہے۔




یہاں کچھ چیزیں انگریزی میں ایسی ہیں جن کا سانچے سے تعلق نہیں ہے، جیسے بلاگ کا نام، تحریر کا عنوان اور تحریر۔ تاریخ کو بدلنا بھی ممکن نہیں ہے، گو کہ آپ زبان عربی یا فارسی میں کر کے تاریخ عربی یا فارسی میں حاصل کر سکتے ہیں، لیکن فی الوقت اردو تاریخ کی سہولت موجود نہیں ہے۔ اس کے علاوہ جو کچھ انگریزی میں نظر آ رہا ہے وہ سب سانچہ میں موجود ہے اور اسے اردو میں بدلا جا سکتا ہے۔ اب ہم پہلے دیکھتے ہیں کہ انگریزی میں کیا کیا موجود ہے۔ اس سانچہ میں بلاگ پر یہ الفاظ انگریزی میں نظر آ رہے ہیں۔


For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com

| English | اردو ترجمہ |
|---|---|
| Followers<br><br>Blog Archive<br><br>About Me<br><br>Posted by<br><br>comments<br><br>Post a Comment | دوست<br><br>ماہِ رفتہ<br><br>بارے مَن۔<br><br>از: یا مصنف<br><br><br>تبصرہ جات۔<br><br>تبصرہ کیجئے۔ |

وغیرہ وغیرہ۔اب آپ اپنے کھلے سانچہ جو کہ آپ نے ایڈیٹر میں کھولا ہوا ہے، میں باری باری Find کی کمانڈ سے یہ تمام انگریزی الفاظ تلاش کر کے انہیں من پسند اردو میں بدل دیں۔ یہ سب تبدیلیاں کرنے کے بعد اب آپ دوبارہ سے اپنا سانچہ بلاگ پر چڑھائیں گے۔ایسا کرتے وقت بہت زیادہ خیال رکھنے کی ضرورت ہے کہ آپ کہیں بجائے ٹائٹل کے کسی ٹیگ کا ہی ترجمہ نہ کر بیٹھیں۔ایسا ہونے کی صورت میں سانچہ درست کام نہیں کرے گا۔

یہ سب کام کرنے کے بعد ہمارا سانچہ اردو میں تیار ہو چکا ہے۔اب اس میں ہمیں صرف تبصرہ والا خانہ تحریر والے صحفہ پر رکھنا ہے۔ایسا کرنے کے لئے آپ ایک دفعہ پھر اپنے بلاگ پر جائیے،ڈیش بورڈ میں Settings کو منتخب کریں۔اور Settings میں اس کے بعد Comments کو منتخب کر لیں۔ یہاں سب سے پہلے تو پ تمام لوگوں کو تبصرہ کرنے کی اجازت دیں،اس کے بعد نیچے ہی Comment box placement میں Embebed below post کو منتخب کر کے اپنی ترجیحات کو محفوظ کر لیں۔ایسا کرنے سے اب تبصرہ کرنے کے لئے قاری کو نئے صحفہ پر نہیں جانا پڑے گا۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com




یہ کرنے سے تبصرہ والا خانہ تو آپ کی تحریر کے نیچے آ جائے گا، لیکن اس خانہ میں اردو ویب پیڈ شامل نہیں ہے، صرف وہی قاری اردو میں تبصرہ کر سکیں گے جن کے کمپیوٹر پر اردو تختہ موجود ہو گا۔

اردو تختہ یہاں کس طرح چسپاں کیا جا سکتا ہے؟ فی الحال مجھے ایکس ایم ایل سانچوں میں یہ پلے نہیں پڑ رہا۔ البتہ بلاگر کے پرانے سانچوں میں اردو کلیدی تختہ کس طرح لگایا جائے گا۔ یہ انشاللہ اگلے کتابچہ میں تفصیل سے بیان کروں گا۔ اسی طرح اس سبق میں یہ بھی دیکھا جائے گا کہ کسی بھی قیب پر موجود سانچہ کو بلاگر کے قابل کس طرح بنایا جاسکتا ہے۔

ابھی فی الحال ایکس ایم ایل سانچوں کو ہی یہاں پر موضوع بنایا گیا تھا۔ ایچ ٹی ایم ایل سانچوں میں تبدیلیاں کرنے کے لئے آپ کو تھوڑی سی ایچ ٹی ایم ایل اور سی ایس ایس کی شدبد ہونا ضروری ہے۔

For more books visit :www.iqbalkalmati.blogspot.com